**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 01.06.2025**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بھارتی پراکسیز کے مذموم عزائم ناکام بنائیں گے،صدر زرداری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | بلوچستان کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی بھٹکے ہوئے لوگ قومی دھارے میں آجائیں،وزیراعظم۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائے گا،قائم مقام گورنر۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | دہشت گرد ٹولہ بھارتی ایماپر بلوچستان کو غیر مستحکم کرنا چاہتا ہے،وزیراعلیٰ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | بلوچستان کے عوام محبِّ وطن دشمن کے عزائم ناکام بنائیں گے،علی حسن زہری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | قوم دہشتگردوں کو نیست ونابود کرنے کے لیے پرعزم ہے،نورمحمد دمڑ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | امن کا قیام ریاستی اداروں کی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | وزیراعظم اورفیلڈ مارشل کی نگرانی میں جرگے کے مثبت نتائج برآمد ہونگے،صوبائی وزراءاراکین اسمبلی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | سوراب واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا،ظہور بلیدی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | ملک میں غیرقانونی طورپرمقیم غیرملکیوں کے خلاف آپریشن تیز کرنے کا فیصلہ وزیرداخلہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | سوراب حملے حکومتی رٹ چیلنج کرنے کی ناکام کوشش ہے،شعیب نوشیروانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | ہنہ اوڑک میں ہونے والا دھماکہ انسانیت سوز کارروائی ہے،حکومتی ترجمان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلوچستان میں تمام دہشت گرد تنظیموں کو فتنۃ الہندوستان کا نام دے دیا گیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | بلوچستان حملے بھارتی میڈیا منظم منصوبہ بندی کے تحت خبریں اچھالتا ہے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | 2800بندسکولوں کو فعال ڈیڑھ لاکھ سے زائد بچوں کو دوبارہ داخل کیا،کمشنر کوئٹہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | وزیراعظم اورفیلڈ مارشل کا بلوچستان کا دورہ بہت اہم ہے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | اکابرین کہ ملی ارمانوں کی تکمیل کی جدوجہد جاری رہے گی پشتونخوانیپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | بلوچستان میں محرومی کے خلاف جمہوری احتجاج کو جرم بنادیا گیا،ہدایت الرحمان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | بلوچستان اسمبلی میں شہدائے ڈی سی کے لیے فاتحہ خوانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

چمن مسلح افراد دے مسجد میں گھس کر موذن کو گولی ماردی،نواکلی میں فائرنگ ایک شخص زخمی، قائدآباد پولیس نے جعلی کرنسی استعمال کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، پنجگور ایک شخص جاں بحق دوسرا زخمی، حب میں مارے جانے والے ڈاکو سندھ کے رہائشی نکلے شناخت ہوگئی، استاد محمد پولیس کا مال برآمد کرکے ملزم گرفتار کرلیا، کوئٹہ کے نواحی علاقے میں دھماکہ 2 بھائی جاں بحق 7 زخمی مستونگ میں مسلح افراد کا لیویز تھانے پرحملہ گاڑیاں نظرآتش۔

## عوامی مسائل:

حب قلت آپ کا مسئلہ سنگین پانی فراہم کا واحد ذریعہ کینال بھی بند، حب مویشی منڈی میں سہولیات کا فقدان بیوپاری خریدار پریشان

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقا ت عا مہ**
**حکو مت بلو چستان**

**مورخہ** 01.06.2025

## اداریہ:

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے **سوراب، فتنہ الھندوستان کا حملہ** !" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ پہلگام واقعہ کے بعد بھارت کے بزدلانہ حملوں کے جواب میں معرکہ حق " آپریشن بنیان مرصوص" میں عبرت ناک شکست کے بعد بھی اس کے انتظام کی آگ سلگ رہی ہے اوراس کے ایما پر بلوچستان میں بھارتی پراکسیز نے دہشت گردانہ سرگرمیاں تیز کردی ہیں۔ جمعہ کے روز فتنہ الہندوستان کے 20 سے 30 دہشت گرد موٹر سائیکلوں پر بلوچستان کے شہر سوراب کے بازار میں داخل ہوئے، ہنگامہ آرائی کی، بلوچ خواتین اور بچوں پر تشدد کیا جن کو بچانے کیلئے دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ہدایت بلیدی جام شہادت نوش کر گئے۔ دہشت گردوں نے بینک لوٹا۔ سرکاری افسروں کے گھروں اور تھانے کو نذر آتش کیا۔ سوراب شہر قلات ڈویژن کا حصہ ہے اوراس کی آبادی مختلف بلوچ قبائل پر مشتمل ہے۔ یہاں اپنی نوعیت کی یہ بڑی مسلح کارروائی ہے۔اس سے قبل مسلح افراد نے اس ڈویژن کے ضلع خضدار کے دوشہروں زہری اور ناچ میں اس نوعیت کی کارروائیاں کی تھیں۔ فتنہ الہندوستان نے بلوچ خواتین اور بچوں کو ٹارگٹ کر کے ایک دفعہ پھر یہ ثابت کردیا ہے کہ ان کا بلوچستان اور بلوچ روایات سے کوئی تعلق نہیں۔ بھارت ان دہشت گردوں کو تربیت، اسلحہ اور مالی معاونت کر کے اپنے مذموم مقاصد کیلئے استعمال کرتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سوراب میں دہشت گردی کی شدید مذمت کرتے ہوئے ملزموں کو قرار واقعی سزا دینے کی ہدایات جاری کیں ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بزدل دہشت گردوں کا معصوم اور نہتے شہریوں (بشمول خواتین اور بچے کو نشانہ بنانا، بینک اور املاک پر حملہ ان کی عوام دشمن اور بلوچستان کی ترقی کے خلاف سوچ کی واضح عکاس ہے۔ انہوں نے شہید ہدایت بلیدی کو خراج عقیدت اوران کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی کیا۔ بھارت نے پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث تنظیموں کا" کنسورشیم " بنا رکھا ہے جس میں کالعدم ٹی ٹی پی ایل اے بی ایل ایف، بلوچستان ریپبلکن آرمی، جماعت الاحرار اور حزب الاحرار شامل ہیں۔ حالیہ واقعہ کی ذمہ داری بھی کالعدم بلوچ لبریشن آرمی نے قبول کی ہے۔

## اداریے:

## مضامین:

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 1

Dated: 01 JUN 2025

Page No. 1

# بھارتی پراکسیز کے مذموم عزائم ناکام بنائینگے، زرداری

## صدر مملکت کی بلوچستان کے ضلع سوراب میں دہشتگردوں کے حملہ کی مذمت

### پیپلزپارٹی عوامی خدمت کے مشن پر قائم، لاہور میں پارٹی کے ارکان اسمبلی سے ملاقات

اسلام آباد، لاہور (نیوز ایجنسیاں) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے ضلع سوراب میں دہشتگردوں کے حملہ کی شدید مذمت اور حملہ میں شہید ہونے والے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب ہدایت اللہ بلیدی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی پراکسیز کے مذموم عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دینگے، ایوان صدر سے جاری بیان میں صدر مملکت نے شہید کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی، صدر مملکت نے کہا کہ بھارتی سپانسرڈ دہشتگرد ملک میں (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

بدامنی پھیلانا چاہتے ہیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے، دہشتگردی کے مکمل خاتمہ تک فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، دریں اثناء لاہور میں پیپلزپارٹی سے تعلق رکھنے والے ارکان پنجاب اسمبلی نے صدر مملکت سے ملاقات کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 01 JUN 2025 Page No. 2

بلوچستان کیلئے 250 ارب روپے کا ترقیاتی فنڈ مختص، دہشتگرد خون کے پیاسے ہیں وہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی نہیں چاہتے، شہباز شریف کا جرگے سے خطاب

# بھٹکے ہوئے لوگ قومی دھارے میں آجائیں: وزیر اعظم

## بلوچستان کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی

دہشتگرد اغیار کے ایجنٹ ہیں، ان کے عزائم کو مل کر ناکام بنانا ہے، وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی اور زرعی ٹیوب ویل شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے 70 ارب روپے فراہم کر رہی ہے

بھارت اور اس کی پراکسی فتنہ الہندستان کی سازشوں اور ناپاک عزائم کو پاکستانی قوم شکست دے گی، وزیر اعظم کا کوئٹہ میں کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کا دورہ، مسلح افواج کو بھرپور حمایت کی یقین دہانی

پاکستان ہر قسم کی جارحیت کو ناکام بنانے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستانی کوششوں کو سبوتاژ کرنے والی دشمنانہ سازشوں کو مکمل طور پر شکست دی جائے گی، فیلڈ مارشل

مٹھی بھر عناصر دہشت گردی کے ذریعے ترقی کا عمل روکنا چاہتے ہیں، کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کی اپ گریڈیشن کچھی کینال منصوبے کی تکمیل سرسبز بلوچستان کیلئے اہم ہے، میر سرفراز بگٹی کا جرگے سے خطاب

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) وزیر اعظم شہباز شریف نے کوئٹہ میں گرینڈ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کی مسلط کردہ جنگ پر منہ توڑ جواب دیا گیا۔ ہم نے 1971 کا بدلہ لے لیا۔ یہ مختصر ترین مگر خطرناک جنگ تھی۔ دہشت گرد خون کے پیاسے...

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

اور اغیار کے ایجنٹ ہیں۔ ان کے ہتھکنڈوں کو مل کر ناکام بنانا ہے۔ بلوچستان کے عمائدین بتائیں کون سی خرابیاں ہیں جنہیں دور کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے جو لوگ بھٹک گئے ہیں انہیں واپس لانے کیلئے کوشش کرنی چاہئے۔ انھوں نے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کا وسیع علاقہ سرمایہ کاری کے حجم میں اضافے کا متقاضی ہے، آئندہ ترقیاتی پروگرام میں بلوچستان کو 25 فیصد فنڈز دیں گے۔ کوئٹہ میں وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان گرینڈ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معرکہ حق میں کامیابی پر قوم کو مبارکباد دیتا ہوں، بھارت نے پاکستان پر جارحیت مسلط کی، منہ توڑ جواب دیا گیا۔ دشمن کو ایسا جواب ملا جسے وہ بھول نہیں سکے گا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے جرگے سے خطاب میں کہا کہ کشیدہ صورتحال کے دوران قوم نے مثالی اتحاد کا مظاہرہ کیا، یہ جنگ مختصر لیکن انتہائی خطرناک تھی، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مثالی قیادت کا مظاہرہ کیا، عسکری قیادت نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا، ہم نے بھارت سے 1971 کا بدلہ لے لیا ہے۔ بلوچستان گرینڈ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اس صورتحال سے دشمن قوتیں خائف ہو گئی ہیں، پاکستان کی کامیابی سے دوستوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، 28 مئی 1998 کے ایٹمی دھماکوں کی طرح پاکستان ایک بار پھر سرخرو ہوا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کی ترقی پاکستان کی ترقی ہے، بھائی باہمی معاملات مل بیٹھ کر حل کرتے ہیں، دہشت گرد اغیار کے ایجنٹ ہیں، دہشت گرد عناصر ترقی کے عمل کو متاثر کرنا چاہتے ہیں، دوسری جانب۔ چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بھارت کی جانب سے آبی جارحیت کو غیر قانونی اور

ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ہر قسم کی جارحیت کو ناکام بنانے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے دہشت گردی کی ہر قسم اور ہر شکل کے خلاف قومی جدوجہد منطقی انجام تک پہنچے گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ہفتے کے روز کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کوئٹہ کا دورہ کیا اور وہاں زیر تربیت افسران اور فیکلٹی سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں آرمی چیف نے آپریشن "بنیان مرصوص" کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے اہل خانہ سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قومی قیادت کے تحت پاکستانی عوام نے مادر وطن کے دفاع کے لیے آہنی دیوار کا کردار ادا کیا۔ انہوں نے مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ "معرکہ حق" کی کامیابی قومی عزم اور قومی طاقت کے تمام عناصر کے درمیان مکمل ہم آہنگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ قبل ازیں کوئٹہ آمد پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا استقبال کور کمانڈر کوئٹہ اور کمانڈنٹ کمانڈ اینڈ اسٹاف کالج کوئٹہ نے کیا۔ دریں اثناء۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشتگردی میں ملوث ایک ٹولہ بھارتی ایماء پر بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کے درپے ہیں، ہمارا بلوچ پشتون صوبہ روایات کا امین ہے لیکن یہ دہشتگرد ان روایات کو روندتے ہوئے مسافروں، بچوں اور خواتین کو نشانہ بنا رہے ہیں، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی بلوچستان آمد سے ثابت ہو گیا کہ ہمارا صوبہ پاکستان کا جھومر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں منعقدہ بلوچستان گرینڈ جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، قائم مقام گورنر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، وفاقی وزراء احسن اقبال، عطاء اللہ تارڑ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر، کور کمانڈر 12 کور بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اراکین قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، نوابزادہ جمال خان رئیسانی، میاں خان بگٹی، سینیٹرز انوار الحق کاکڑ، بلال خان مندوخیل، عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزراء، مشیر، پارلیمانی سیکرٹریز، ارکان بلوچستان اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، اعلیٰ سول و عسکری قیادت موجود تھیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو بلوچستان کے لوگوں کی طرف سے خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان آرمی نے جس طرح عظیم الشان کامیابی میں دشمن کے دانت جس بصیرت، دلیری اور غیرت کے ساتھ کھٹے کیے ہیں، بلوچستان کی عوام نے اس خوشی کو طول و عرض میں منایا، وزیر اعظم نے جس انداز میں موجودہ مخدوش حالات کے باوجود سب کو اکٹھا کیا یہ وزیر اعظم کی سیاسی بصیرت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

## عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائیگا، قائم مقام گورنر

**چمن میں بند 90 اسکولوں کو فعال، امن وامان کو بہتر بنانے کیلئے موثر اقدامات کیے گئے ہیں، عبدالخالق اچکزئی کی چمن پریس کلب کے وفد سے بات چیت**

کوئٹہ (سٹی ڈیسک) چمن پریس کلب کے ایک وفد نے سینئر صحافی حاجی نعمت اللہ سرحدی اور نجب الدین اچکزئی کی سربراہی میں قائم مقام گورنر و اسپیکر بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی سے گورنر ہاؤس میں ملاقات کیں وفد میں دیگر عبدالخالق اچکزئی، عبدالباسط اچکزئی، دلبر خان، حبیب اللہ ڈی ایم سی اور ہدایت اللہ اچکزئی شامل تھے کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی نے اس موقع پر کہا کہ عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائے گا ضلع چمن میں سب سے پہلے تعلیم کے شعبے میں بہتری کیلئے اقدامات کا آغاز کیا گیا ہے ضلع میں اسٹاف کی کمی اور دیگر وجوہات کے بنا پر بند 90 اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا ضلع میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے موثر اقدامات کیے گئے ہیں بہتری دیکھی جارہی ہے کیڈٹ کالج میں پانی کے انتظام کیلئے بھی اقدامات کیے گئے ہیں اکتوبر تک کالج تعلیمی سلسلے کیلئے مکمل طور پر تیار ہوجائیگا گرلز کالج میں بی ایس کلاسز جلد شروع کرنے کیلئے احکامات جاری کیئے گئے ہیں چمن شہر میونسپل کارپوریشن ایریا اور مضافاتی علاقوں میں تمام سڑکوں کو پختہ کرنے کے کام کا آغاز بھی جلد ہوجائیگا درہ کوژک کے دامن میں کوہ خواجہ عمران سے سوئی کاریز تک تمام کاریزات کی بلاتفریق صفائی کیلئے بھی فنڈز مختص کیئے جاچکے ہیں پریس کلب کے وفد نے کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق اچکزئی کو چمن پریس کلب کے دورے کی دعوت دی۔



## دہشتگردی کے خاتمے کیلئے کوششیں جاری ہیں، قائم مقام گورنر


**حالات نارمل نہیں امید ہے دہشتگردی پر قابو پاکر ہم آگے بڑھیں گے کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی**

**سوراب میں اے ڈی سی کو دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا جو انتہائی افسوسناک ہے میڈیا سے گفتگو**

کوئٹہ (اے پی پی) قائم مقام گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ حالات نارمل نہیں لیکن بیرونی مداخلت کے باوجود دہشتگردی کی روک تھام کیلئے کوششیں جاری ہیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب کو شہید کیا گیا، امید ہے کہ.......... 


بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر


دہشتگردی پر قابو پاکر ہم آگے بڑھیں گے، کوئٹہ میں گرینڈ جرگے کے دورس نتائج برآمد ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان اسمبلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ یہ نہیں کہہ سکتے کہ حالات نارمل ہیں لیکن بلوچستان جہاں بیرونی مداخلت جاری ، یہاں کے کچھ لوگ بیرونی مدد کے ذریعے دہشتگردی میں ملوث ہوں حالات سب کے سامنے ہیں لیکن حکومت بلوچستان قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر دہشتگردی کے خاتمے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ بہت جلد دہشتگردی کا خاتمہ ہوگا سوراب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو دہشتگردی کا نشانہ بنایا گیا جو انتہائی افسوسناک ہے، ایسے واقعات کی روک تھام کوئی مشکل کام نہیں لیکن دہشتگردی کے خاتمے کو یقینی بنا کر آگے بڑھا جاسکے گا، وزیراعظم شہباز شریف گرینڈ جرگہ میں شرکت کیلئے کوئٹہ آئے ہیں ، بلوچستان کے قبائلی عمائدین ، منتخب ارکان اسمبلی ودیگر جرگے میں شرکت کرینگے اس جرگے کے دورس نتائج برآمد ہونگے۔



وزیراعظم محمد شہباز شریف کوئٹہ ایئرپورٹ پہنچنے پر گورنر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی استقبال کررہے ہیں

روزنامہ ایکسپریس سینچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد23 شمارہ169 | اتوار، 4 ذوالحج، یکم جون 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# دہشتگرد ٹولہ بھارتی ایماء پر بلوچستان کو غیر مستحکم کرنا چاہتا ہے، وزیراعلیٰ

## قبائلی روایات کو روندنے والے لوگ صرف دہشت گرد ہیں، ان کا بلوچیت سے کوئی تعلق نہیں، سرفراز بگٹی

## وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی آمد سے ثابت ہوگیا ہمارا صوبہ پاکستان کا جھومر ہے، کوئٹہ میں گرینڈ جرگے سے خطاب

کوئٹہ (اے پی پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشتگردی میں ملوث ایک ٹولہ بھارتی ایماء پر بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کے درپے ہے، ہمارا بلوچ پشتون صوبہ روایات کا امین ہے لیکن یہ دہشتگرد ان روایات کو روندتے ہوئے مسافروں، بچوں (باقی صفحہ 5 نمبر 20)



وزیراعظم محمد شہباز شریف، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر کوئٹہ ایئرپورٹ سے باہر آ رہے ہیں

اور خواتین کو نشانہ بنا رہے ہیں، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی بلوچستان آمد سے ثابت ہوگیا کہ ہمارا صوبہ پاکستان کا جھومر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں منعقدہ بلوچستان گرینڈ جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، قائم مقام گورنر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، وفاقی وزراء احسن اقبال، عطاء اللہ تارڑ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر، کور کمانڈر 12 کور بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اراکین قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، نوابزادہ جمال خان رئیسانی، میاں خان بگٹی، سینیٹرز انوار الحق کاکڑ، بلال خان مندوخیل، عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزراء، مشیر، پارلیمانی سیکرٹریز، ارکان بلوچستان اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، اعلیٰ سول و عسکری قیادت موجود تھیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو بلوچستان کے لوگوں کی طرف سے خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ پاکستان آرمی نے جس طرح عظیم الشان کامیابی میں دشمن کے دانت جس بصیرت، دلیری اور غیرت کے ساتھ کھٹے کیے ہیں، بلوچستان کی عوام نے اس خوشی کو طول و عرض میں منایا، وزیراعظم نے جس انداز میں موجودہ مخدوش حالات کے باوجود سب کو اکھٹا کیا یہ وزیراعظم کی سیاسی بصیرت کا منہ بولتا ثبوت ہے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ این 25 کراچی تا کوئٹہ چمن شاہراہ ہے، اس کی تعمیر سے بلوچستان کے لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تھی اس شاہراہ کو ہم خونی شاہراہ کہتے تھے، وزیراعظم کا اس خونی شاہراہ کو 2 سالوں میں ایف ڈبلیو او اور افواج کے تعاون سے مکمل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں وہ قابل تعریف ہیں، بلوچستان میں زیادہ زمین موجود ہے، میرانی ڈیم اور کچھی کینال جیسے منصوبوں کی تکمیل سے گرین پاکستان انیشیٹو میں بلوچستان کے لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے، بلوچستان کے لوگوں کی طرف سے یقین دلاتا ہوں کہ جس دہشتگردی سے بلوچستان متاثر ہو رہا ہے یہ ایک ٹولہ ہے ان کی تعداد بہت کم ہے، جو بھارت کے کہنے پر بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، ہمارے بلوچ، پشتون معاشرے میں مسافروں، خواتین اور بچوں کا جو احترام ہے لیکن ہم کبھی کبھار شرمندہ ہوتے ہیں کہ ان قبائلی روایات کو روندتے تھے اور بدقسمتی سے نام بلوچ کا دیتے ہیں ہم اس جرگے کے ذریعے اعلان کرنا چاہتے ہیں کہ یہ لوگ صرف دہشتگرد ہیں ان کا بلوچیت سے کوئی تعلق نہیں یہ صرف پاکستانیوں کو شہید کر رہے ہیں۔ قومی جرگے اور بات چیت کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔



وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کوئٹہ ایئرپورٹ پر وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی استقبال کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5



THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر سی پی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز اتوار یکم جون 2025ء بمطابق 4 ذی الحجہ 1446ھ | شمارہ نمبر 150


# بھارت کے کہنے پر بلوچستان میں خونی کھیل کھیلا جا رہا ہے


میر سرفراز بگٹی

## مٹھی بھر عناصر دہشت گردی کے ذریعے ترقی کے عمل کو روکنا چاہتے ہیں، دہشت گردی کے واقعات سے صوبہ بلوچستان شدید متاثر ہو رہا ہے

## دہشت گرد عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کے اشاروں پر کاروائیاں کرتے ہیں، گرین بلوچستان انیشیٹیو سے لوگوں کو روزگار کے مواقع ملیں گے، کوئٹہ میں جرگے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا مٹھی بھر عناصر دہشت گردی کے ذریعے ترقی کے عمل کو روکنا چاہتے ہیں، دہشت گرد ٹولہ بھارت کے کہنے پر معصوم لوگوں کا خون بہا رہا ہے، دہشت گردی سے بلوچستان متاثر ہو رہا ہے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کی ایما پر کارروائیاں کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ گرین بلوچستان ایشیٹیو سے بلوچستان کے لوگوں کو روزگار کے مواقع ملیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں گرینڈ جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر



کوئٹہ، وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کوئٹہ پہنچنے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی استقبال کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

et No. 1

Page No. 6

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | اتوار یکم جون 2025ء 4 ذوالحجہ 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 150

# وزیراعلیٰ و وزیر آبپاشی کی کاوشوں سے ربیع کینال میں پانی چھوڑ دیا گیا

## نصیر آباد کے ربیع کینال میں شامل زراعت کے شعبے میں خوشحالی کی نوید

## زراعت کو دوام حاصل ہوگا بلکہ سال بھر پانی کی مسلسل دستیابی یقینی بنائی جا سکے گی



وزیراعظم شہباز شریف وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ ایئرپورٹ سے باہر آرہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے پرنس محمد احمد زئی ملاقات کر رہے ہیں

چھتر (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی کاوشوں سے پچھی کینال کا پانی پہلی بار نصیر آباد کے ربیع کینال میں شامل زراعت کے شعبے میں خوشحالی کی نوید بلوچستان میں آبی وسائل کے بہتر استعمال اور زرعی شعبے کو فروغ دینے کے لیے ایک انقلابی قدم اٹھاتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور صوبائی وزیر برائے آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے تاریخ رقم کر دی۔ ان کی خصوصی ہدایات اور مسلسل کوششوں کے نتیجے میں پہلی مرتبہ ہنگامی [illegible] بنیادوں پر پچھی کینال سے پانی ربیع کینال میں چھوڑ دیا گیا ہے۔ اس اقدام سے نہ صرف علاقے میں زراعت کو دوام حاصل ہوگا بلکہ سال بھر پانی کی مسلسل دستیابی یقینی بنائی جا سکے گی جو کسانوں کے دیرینہ مطالبے میں شامل تھا۔ اس موقع پر ایکسین پٹ فیڈر کینال محمد ابراہیم مینگل نے پچھی کینال سے آنے والے پانی کا موقع پر پہنچ کر جائزہ لیا اور عمل درآمد کے تمام مراحل کی نگرانی کی ایس ڈی او امان اللہ گاجانی نے ایکسین پٹ فیڈر کینال محمد ابراہیم مینگل کو آگاہی دی ایکسین پٹ فیڈر کینال محمد ابراہیم مینگل کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کی اولین ترجیح تھی کہ پچھی کینال کا پانی ربیع کینال تک پہنچایا جائے۔ الحمدللہ آج ہم اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 | اتوار 4 ذوالحجہ 1446ھ یکم جون 2025ء | نمبر 150




کوئٹہ، وزیراعظم شہباز شریف کا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی استقبال کررہے ہیں



کوئٹہ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی ایئرپورٹ سے باہر آرہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | اتوار 04 ذوالحج 1446ھ یکم جون 2025ء صفحات 24 | شمارہ 334

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے




کوئٹہ، وزیراعظم میاں شہباز شریف وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ ایئرپورٹ سے باہر آرہے ہیں

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | اتوار یکم جون 2025ء بمطابق 04 ذوالحجہ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 149




کوئٹہ پہنچنے پر وزیراعظم شہباز شریف وزیراعلیٰ کے ہمراہ ایئرپورٹ سے باہر آرہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا ملاقات کرنے والے ڈیرہ بگٹی کے قبائلی عمائدین کے ہمراہ گروپ فوٹو



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مسلم لیگ ن کے رہنما افطار بیگ کی منعقدہ تقریب میں مصافحہ کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 01 JUN 2025

Page No. 7

## قوم دہشتگردوں کو نیست و نابود کرنے کیلئے پرعزم ہے، نور محمد دمڑ

**بزدل دہشتگردوں نے شہریوں اور خواتین کو بھی نشانہ بنایا، کوئٹہ اور سوراب واقعہ کی مذمت**

ہرنائی (نامہ نگار) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ نے سوراب میں دہشت گردوں کے حملے اور کوئٹہ میں دھماکہ کی مذمت کرتے ہوئے اے ڈی سی ہدایت اللہ بلیدی اور کوئٹہ کے علاقہ کے قریب دھماکے میں دو جوان بھائیوں کی شہادت پر انتہائی دکھ اور افسوس کرتے ہوئے کہا کہ قوم سوراب اور کوئٹہ میں دہشتگردی کے واقعات میں جام شہادت نوش کرنے والوں کے غم زدہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمنوں کے اشاروں پر خون کی ہولی کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، قوم دہشت گردی کے خلاف متحد اور دہشتگردوں کو نیست و نابود کرنے کے لیے پرعزم ہے، انہوں نے کہا کہ بزدل دہشتگردوں نے معصوم و نہتے شہریوں بشمول بچوں اور خواتین کو بھی نشانہ بنایا، انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان بھارتی سرپرستی میں پاکستان میں دہشتگردی پھیلانے والی پراکسیوں کے سدباب کیلئے دن رات مصروف عمل ہے۔ بھارتی سرپرستی میں ارض وطن میں دہشتگردی پھیلانے والے عناصر کے ملک سے مکمل صفایا کیلئے قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ صوبائی وزیر نے کوئٹہ اور سوراب واقعہ کے شہداء کے بلند درجات کے لیے دعا کی ہے۔

## بلوچستان کے عوام محب وطن، دشمن کے عزائم ناکام بنائینگے، علی حسن

**بھارتی پراکسیز جلد انجام کو پہنچیں گے، صوبائی وزیر کی سوراب واقعہ کی مذمت، شہید اے ڈی سی کو خراج عقیدت**

حب (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے گزشتہ روز سوراب میں دہشتگردانہ حملوں کی مذمت کرتے ہوئے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ حملوں میں انڈین پراکسیز ملوث ہیں جنہیں جلد جہنم واصل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری املاک، گھروں اور بینکوں کو نذر آتش کرنا اور قابل مذمت اور بزدلانہ فعل ہے جس کی تمام بلوچ قوم شدید مذمت کرتی ہے، دہشت گردوں کا مردانہ وار مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہدایت اللہ بلوچ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہید اے ڈی سی نے بلوچ روایات کے مطابق دہشت گردوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور جام شہادت نوش کیا۔ علی حسن زہری نے کہا کہ سرکاری املاک، بچوں، خواتین اور معصوم لوگوں کو نشانہ بنانا کون سی بہادری اور بلوچیت ہے، میدان جنگ میں بھارت پاکستانی فوج کے ہاتھوں تاریخی بدترین شکست کے بعد اپنے حواس کھو بیٹھا ہے اور خضدار اور سوراب جیسے اوچھے واقعات کے ذریعے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال خراب کرنا چاہتا ہے۔ سوراب دہشتگردانہ حملہ بھارتی پشت پناہی میں ہوا اور دہشتگردی کا واقعہ بھارتی خفیہ ایجنسیوں کے بلوچستان میں جاری مکروہ عزائم کا تسلسل ہے بس ہیں دشمن کو کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے غیور اور وطن سے محبت کرنے والے لوگ پاک افواج اور دیگر سیکورٹی فورسز کے ساتھ مل کر بیرونی اور اندرونی دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملا دینگے اور پورے ملک خصوصاً بلوچستان سے دہشت گردی کے واقعات کے درپردہ چند ناپاک عناصر کی جانب سے پیدا کردہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔

## امن کا قیام ریاستی اداروں کی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

**قبائلی جرگہ کا انعقاد مثبت پیشرفت، ہمیں ملکر پرامن و خوشحال بلوچستان کی تعمیر کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پائیدار قیام امن کے لئے قبائلی جرگہ مثبت اور تاریخی پیش رفت ہے جس میں وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف، چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی شرکت نے اس کی اہمیت کو مزید اجاگر کر دیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دیرپا امن کا قیام ریاستی اداروں کی اولین ترجیح ہے اور اس جرگے کا انعقاد قبائلی روایات، باہمی مشاورت اور اعتماد کے فروغ کے لئے موثر قدم ہے جو صوبے اور عوام کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، صوبائی وزیر نے کہا کہ موجودہ حکومت عوامی فلاح، صحت و تعلیم کی بہتری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ امن و امان کے قیام کو بھی اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھے ہوئے ہے۔ ہمیں مل کر ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ بلوچستان کی تعمیر کے لئے بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

MASHRIQ QUETTA

## سوراب واقعہ میں ملوث دہشتگردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا، ظہور بلیدی

**سرکاری افسر ہدایت اللہ بلیدی کو نشانہ بنانا افسوسناک و قابل مذمت عمل ہے، صوبائی وزیر منصوبہ بندی**

**سوراب واقعہ بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی بزدلانہ کوشش ہے، اسمبلی اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب ہدایت اللہ بلیدی کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوراب میں معصوم سرکاری افسر ہدایت اللہ بلیدی کی شہادت نہایت افسوسناک.......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

اور قابل مذمت ہے یہ واقعہ بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ایک بزدلانہ کوشش ہے پوری قوم اس غم کی گھڑی میں شہید ہدایت اللہ بلیدی کے خاندان کے ساتھ کھڑی ہے شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا بلوچستان کے عوام اور ریاستی ادارے دہشت گردوں کے خلاف متحد ہیں اور ان عناصر کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان اور بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ سوراب واقعہ کی جتنی مذمت کی

جائے وہ کم ہے، ایسے حملوں سے ریاست اور عوام کے حوصلے پست نہیں ہوں گے سوراب میں معصوم سرکاری افسر ہدایت اللہ بلیدی کی شہادت نہایت افسوسناک اور قابل مذمت ہے یہ واقعہ بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ایک بزدلانہ کوشش ہے سوراب میں پیش آنے والا واقعہ پوری قوم کیلئے ایک لمحہ فکریہ ہے، ہم سب کو مل کر پاکستان کے خلاف سازشوں اور دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ پوری قوم اس غم کی گھڑی میں شہید ہدایت اللہ بلیدی کے خاندان کے ساتھ کھڑی ہے شہدا کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ بلوچستان کے عوام اور ریاستی ادارے دہشت گردوں کے خلاف متحد ہیں، اور ان عناصر کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی نگرانی میں جرگے کے مثبت نتائج برآمد ہونگے، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی

**اس طرح کے جرگے بلوچستان میں امن قائم اور دہشتگردی کے خاتمے میں معاون ثابت ہوں گے، سلیم کھوسہ، بخت کاکڑ، صادق عمرانی**

**وقت کا تقاضا کہ سب ملکر اس صوبے کی ترقی و خوشحالی میں کردار ادا کریں، محمد خان لہڑی، شیخ زرک مندوخیل، محمد خان طور اتمان خیل، سردار مسعود لونی**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حوالے سے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی نگرانی میں جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ثابت ہوگا اس طرح کے جرگے بلوچستان میں امن و امان قائم اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے معاون ثابت ہوں گے جرگے میں تمام طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے یقین دہانی کرائی اور ساتھ دینے کا وعدہ کیا جو خوش آئند ہے یہ بات پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم کھوسہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر .......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر اریگیشن میر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، اراکین اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل، حاجی محمد خان طور اتمان خیل اور سردار مسعود خان لونی نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے کامیاب جرگے پر وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور آرمی چیف فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و دیگر کو مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے ایسے حالات میں بلوچستان کے تمام منتخب نمائندے، قبائلی عمائدین، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں و دیگر کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر بلوچستان کے عظیم تر مفادات خاص کر امن و امان کی بحالی دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ان تمام کو نہ صرف اعتماد میں لیا بلکہ انہوں نے ساتھ چلنے کا وعدہ بھی کیا انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ سب ملکر اس صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کریں اور یہی جرگے کا مقاصد بھی تھے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جرگے کی بڑی حیثیت ہے ماضی میں جتنے جرگوں کے ذریعے فیصلے ہوئے وہ آن دی ریکارڈ ہیں اس جرگے سے مثبت نتائج برآمد اور مثبت پیغام جائے گا اور عوام ملکر صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے کردار ادا کرینگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 01 JUN 2025 Page No. 8


## ملک میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کیخلاف آپریشن تیز کرنیکا فیصلہ

نادرا ایگزٹ پوائنٹس پر لائیو ڈیٹا ویری فکیشن کی سہولت فراہم کریگا، تمام اداروں کو ملکر ون ڈاکیومنٹ سسٹم کو مکمل نافذ کرنا ہوگا، وزیر داخلہ

**بھکاری مافیا ملک کی بدنامی کا باعث بن رہا ہے، سختی سے نمٹا جائے، گداگری کو ناقابل ضمانت جرم قرار دینا ضروری ہے، محسن نقوی**

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ملک میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کیخلاف آپریشن تیز کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، وزیر داخلہ کی زیر صدارت کاؤنٹر ٹیررازم کمیٹی اور ہارڈن دی سٹیٹ کمیٹی کا تیسرا اجلاس ہوا، غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کیخلاف آپریشن تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا، محسن نقوی نے کہا نادرا ایگزٹ پوائنٹس پر لائیو ڈیٹا ویری فکیشن کی سہولت فراہم کرے گا اور تمام اداروں کو ملکر ون ڈاکیومنٹ سسٹم کو مکمل نافذ کرنا ہوگا، ملک سے غیر قانونی سپیکٹرم کے خاتمے کیلئے وفاقی و صوبائی اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا، وزیر داخلہ نے کہا بھکاری مافیا ملک کی بدنامی کا باعث...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بن رہا ہے، سختی سے نمٹا جائے، گداگری کو ناقابل ضمانت جرم قرار دینا ضروری ہے، بجلی چوری کی روک تھام کیلئے وزارت توانائی اور صوبائی حکومتوں کو تعاون فراہم کررہے ہیں، اجلاس کو بریفنگ دی گئی روزانہ کی بنیاد پر 250 سے زائد انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز ہو رہے ہیں، وزارت داخلہ، صوبائی حکومتوں کیساتھ تعاون سے 142 ارب کی ریکوری ممکن ہوئی۔

INTEKHAB QUETTA

## سوراب حملے حکومتی رٹ چیلنج کرنے کی ناکام کوشش ہے، شعیب نوشیروانی

**عوام دہشت گردوں کی ظالمانہ سرگرمیوں سے بخوبی واقف ہیں، صوبائی وزیر خزانہ**

کوئٹہ (خ ن) وزیر خزانہ و معدنیات بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے دہشت گردوں کے ضلع سوراب میں بینک لوٹنے اور مختلف سرکاری افسران کے گھروں کو نذر آتش کرنے کی مذمت کی اور اے ڈی سی ریونیو ہدایت بلیدی کی شہادت پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا یہ بات انہوں نے اپنے جاری بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ملک دشمن قوتوں کی ایما پر بلوچستان میں اس طرح کی بزدلانہ کارروائیاں کرتے ہیں، یہ حملے حکومت کی رٹ چیلنج کرنے کی ناکام کوشش ہے کیونکہ عوام دہشت گردوں کی ظالمانہ سرگرمیوں سے بخوبی واقف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت اور سکیورٹی اداروں نے بقیہ نمبر 12 صفحہ 5 پر

یہ عزم کیا ہے کہ ان شرپسندوں کی سرکوبی تک چین سے نہیں بیٹھے گے، ہم سکیورٹی فورسز کے تعاون کے لیے ہمہ وقت حاضر رہتے ہیں تاکہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے۔ صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ ہماری ہمدردیاں اے ڈی سی ہدایت بلیدی کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے شہید کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 01 JUN 2025 Page No. 12


## ہنہ اوڑک میں ہونیوالا دھماکہ انسانیت سوز کارروائی ہے، حکومتی ترجمان

**معصوم شہریوں کے خون سے کھیلنے والے عناصر کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، شاہد رند**

کوئٹہ (ق ن) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک کلی منگل میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے ایک انسانیت سوز کارروائی قرار دیا ہے یہاں جاری ایک مذمتی بیان میں شاہد رند نے دھماکے کے نتیجے میں دو قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے تاکہ ذمہ دار عناصر کو بے نقاب کیا جا سکے ترجمان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ معصوم شہریوں کے خون سے کھیلنے والے عناصر کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لاکر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

## بلوچستان میں تمام دہشتگرد تنظیموں کو فتنۃ الہندوستان کا نام دیدیا گیا

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) حکومت پاکستان نے بلوچستان میں تمام دہشت گرد تنظیموں کو فتنہ الہندوستان کا نام دے دیا، وزارت داخلہ کے نوٹیفکیشن کے مطابق صوبہ بلوچستان میں دہشت گردی میں ملوث تمام دہشت گرد تنظیمیں فتنہ الہندوستان کہلائی جائیں گی، یہ نام دہشتگرد تنظیموں کے اصل عزائم اجاگر کرتا ہے، یہ نام ان تنظیموں کے اصل نظریات، عزائم اور پاکستان مخالف ایجنڈے کی مکمل عکاسی کرتا ہے۔

## بلوچستان حملے، بھارتی میڈیا منظم منصوبہ بندی کے تحت خبریں اُچھالتا ہے

**معرکہ حق میں ناکامی کی ہزیمت چھپانے کیلئے بھارت نے اپنی پراکسیز کا بے دریغ دوبارہ استعمال شروع کردیا**

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) بلوچستان حملے، بھارتی میڈیا منظم منصوبہ بندی کے تحت خبریں اُچھالتا ہے، معرکہ حق میں ناکامی کی ہزیمت چھپانے کیلئے بھارت نے اپنی پراکسیز کا بے دریغ دوبارہ استعمال شروع کردیا، فتنہ الہندوستان کے بلوچستان میں دہشت گرد حملے میں بھارت کے ملوث ہونے کے مزید شواہد سامنے آگئے جب کہ معرکہ حق میں ناکامی کی ہزیمت چھپانے کے لیے بھارت نے اپنی پراکسیز کا بے دریغ دوبارہ استعمال شروع کردیا۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں بھارتی سرکردہ فتنہ الہندوستان معصوم بلوچوں بچوں اور خواتین کو نشانہ بنانے لگی۔ بھارت منظم منصوبے کے ساتھ سپانسرڈ دہشت گردوں سے بلوچستان میں حملے کروا رہا ہے، مزدوروں کا ناحق قتل، جعفر ایکسپریس ٹرین، اے پی ایس بس خضدار اور سوراب حملہ اسی سلسلے کی کڑی ہے، فتنہ الہندوستان کے حملے کے بعد بھارتی میڈیا پر وار فیئر چلنا شروع ہو جاتی ہے۔ باوثوق ذرائع کا کہنا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے بلوچستان میں ہر حملے کے بعد بھارتی میڈیا اسے خوب اچھالتا ہے، ہر حملے سے پہلے اور بعد میں بھارتی سوشل میڈیا ان خبروں کو پھیلاتا ہے، بھارتی خفیہ ایجنسی "را" سے منسلک سوشل میڈیا اکاؤنٹس پوری طرح متحرک نظر آتے ہیں۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ جعفر ایکسپریس حملے کے بعد بھارتی میڈیا نے جعلی اور اے آئی ویڈیوز تک چلائیں، یہ تمام شواہد فتنہ الہندوستان کے ہر حملے کی منظم بھارتی منصوبہ بندی کی طرف نشاندہی کرتے ہیں، فتنہ الہندوستان کے ہر حملے پر بھارتی میڈیا کا پروپیگنڈا دہشت گردوں کے بیانیے کو ... کرتا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## 2800 بند سکولوں کو فعال، ڈیڑھ لاکھ سے زائد بچوں کو دوبارہ داخل کیا گیا، کمشنر کوئٹہ

**منشیات کے عادی افراد کی گرفتاریوں سے نتائج سامنے نہیں آئے، 2 سہولیات مراکز قائم جہاں 300 متاثرین کو رکھا جا سکتا ہے، حمزہ شفقات**

**بچوں کے 2 اغواء کاروں کو گرفتار، بھکاریوں کے روپ میں مجرموں کیخلاف کارروائی جاری ہے، والدین احتیاط کریں، میڈیا سے گفتگو**

کوئٹہ (اے پی پی) کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ ایک سال کے دوران 2800 بند سکولوں کو کھول دیا گیا، سکولوں سے باہر ڈیڑھ لاکھ بچوں کو داخل کیا گیا ہے، والدین احتیاط کریں، بھکاریوں کا روپ دھارنے والے 2 اغواء کاروں کو گرفتار کیا جا چکا ہے، کوئٹہ میں منشیات کے عادی افراد کی تعداد 3 ہزار تک پہنچ گئی ہے، منشیات کے عادی افراد کے علاج و معالجے کے ساتھ اساتذہ اور والدین کو بھی منشیات استعمال کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت بقیہ 3 صفحہ 7 نمبر 7 پر

کرتے ہوئے کیا کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے تعلیم سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ شائد یہ بات دوسروں کے لئے قابل ذکر نہ ہو، مگر حکومت بلوچستان نے صرف ایک سال کے دوران 10,814 اساتذہ بھرتی کیے، 2,800 بند اسکول کھلوائے ہیں جس کے نتیجے میں 1,55,300 بچے جو سکولوں سے باہر تھے انہیں دوبارہ سکولوں میں داخل کیا گیا ہے ان بچوں کی تقدیر ان شاء اللہ بدل جائے گی ایک ملین خاندانوں پر اس کا اثر پڑ رہا ہے در حقیقت یہ ایک انقلاب ہے اور یہ مزید بڑھے گا، کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے

Century Express Quetta

## "وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کا بلوچستان کا دورہ بہت اہم ہے"

**ریٹیلرز اور ہول سیلرز سے 50 ارب لانے کیلئے تاجر دوست سکیم سے صرف 35 لاکھ آیا**

**سینٹر سٹیج میں دفاعی تجزیہ کار (ر) بریگیڈیئر وقار مسعود اور ماہر معیشت خاقان نجیب کی گفتگو**

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دفاعی تجزیہ کار (ر) بریگیڈیئر وقار مسعود کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کا بلوچستان کا وزٹ بہت امپورٹنٹ ہے، آرمی چیف چند دن پہلے بھی وہاں تھے اور آج بھی تھے، وزیراعظم نے جرگے سے خطاب کیا جس میں تمام کمیونٹیز کے لوگ شریک تھے، وزیراعظم نے بلوچستان کی اہمیت، پاکستان سے کنیکشن پر بات کی کہ کس طرح بلوچستان نے پاکستان کے ساتھ جوائن کیا وہ بھاری اکثریت کے ساتھ شامل ہوئے تھے، ایکسپریس نیوز کے پروگرام سینٹر سٹیج میں گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ وہاں پر ہم نے (باقی صفحہ 5 نمبر 35)

دہشت گردی میں اضافہ دیکھا ہے، خاص طور معرکہ حق کے دوران 33 اٹیک ہوئے، ماہر معیشت خاقان نجیب نے کہا اب جو امپورٹنٹ جو ہدف طے ہوتا ہے آئی ایم ایف کی ایگریمنٹ سے بھی وہ ہوتا ہے کہ پاکستان اس سال کتنا ٹیکس کلیکٹ کرے گا، مینٹلی ان ٹرمز آف ایف بی آر ٹیکس سب سے بڑی کمائی ایف بی آر سے آتی ہے اور اس کو ہم اسٹریچ کر کے اگلے سال کتنا لے جا سکتے ہیں، تو کیا حجم ہے ہمارے پاس اوور آل ٹیکس بریکٹ میں اور پھر اس میں نان ٹیکس ریونیو شامل ہوتا ہے اور اوور آل بالکل فق ہے، سو یہ بہت آسان ہے کہنا، ریٹیلرز اور ہول سیلرز سے 50 ارب روپے لانے کیلئے تاجر دوست اسکیم لائی گئی اس سے صرف 35 لاکھ آیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 01 JUN 2025 Page No. 13

## اکابرین کے ملی ارمانوں کی تکمیل کی جدوجہد جاری رہے گی، پشتونخوانیپ

### ظریف شہید نے طلباء محاذ پر جمہوری تحریک کا حصہ بن کر تاریخی جدوجہد کی، رضا محمد رضا کا خطاب

ژوب (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر ڈپٹی چیئرمین رضا محمد رضا نے کہا ہے کہ وطن دوست جمہوری رہنماؤں، سیاسی جمہوری قوتوں کی جدوجہد اور شہداء کی قربانیوں کی بدولت ملک کے آمر حکمرانوں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا، خان شہید کی 10 سال قید و بند کے بعد کوئٹہ آمد پر تاریخی جلوس اور ظریف شہید کی شہادت کا سانحہ ایوبی آمریت کے خلاف تحریک کی مضبوطی اور فعال جدوجہد کا باعث بنا، وہ ژوب میں پشتونخوا ایس او کے بانی رہنما ظریف شہید کی 57 ویں برسی کے موقع پر اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ رضا محمد رضا نے ظریف شہید کو ان کی شاندار جدوجہد پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایوبی مارشل لاء کے خلاف اس وقت کی نیشنل عوامی پارٹی کی تاریخ ساز جمہوری جدوجہد تاریخ کا ایک ناقابل فراموش باب ہے جس نے ملک کی اقوام و عوام کے قومی حقوق و اختیارات اور عوام کے حق حکمرانی کیلئے تاریخ ساز جدوجہد کی۔ نیپ کے رہنماؤں، کارکنوں اور عوام نے ایوبی آمریت کے خلاف انتہائی مشکل حالات میں تاریخی تحریک کا بھرپور ساتھ دیا اور اس تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔ ظریف شہید اس وقت کے پشتونخوا ایس او کے بانی رہنماؤں میں شامل تھے جو طلباء محاذ پر جمہوری تحریک کا حصہ بن کر تاریخی جدوجہد کا حصہ رہے اور 10 سال قید و بند کے بعد جب خان شہید کوئٹہ آئے تو کوئٹہ کے عوام نے ان کا تاریخی استقبال کیا۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوانیپ اپنے اکابرین اور شہداء کی یاد تازہ رکھتے ہوئے ان کے ملی ارمانوں کی تکمیل کیلئے جدوجہد کو مزید تیز کرتے ہوئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگی۔

## سوراب واقعہ گھناؤنا اور قابل مذمت

# ہندوستان کی پراکسیز جلد منطقی انجام کو پہنچیں گی، ارکان اسمبلی

### وقت آگیا ایسے عناصر کی بیخ کنی کیلئے ارکان، عوام، پاکستانی قوم ان کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کریں، کب تک یہ برداشت کرتے رہیں گے

### عوامی نمائندوں کا احترام کیا جائے، رحمت بلوچ، سوالوں کے جواب نہیں دیئے جاتے، یونس زہری، احتجاج کو بلیک میلنگ قرار نہ دیا جائے، اظہار خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ارکان بلوچستان اسمبلی نے کہا ہے کہ سوراب میں سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو شہید کرنے کا واقعہ انتہائی گھناؤنا اور قابل مذمت ہے، ایک لائق افسر کو بے دردی سے شہید کرنے کا کوئی معاشرہ اور مذہب اجازت نہیں دیتا، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ہفتہ کو نصف گھنٹے کی تاخیر ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے سوراب میں سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہدایت اللہ کو شہید کرنے کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک انتہائی گھناؤنا اور قابل مذمت واقعہ ہے، ہدایت اللہ بلیدی کا تعلق ایک غریب گھرانے سے تھا وہ ایک ٹیچر کے بیٹے تھے بڑی محنت اور لگن سے انہوں نے اپنی تعلیم مکمل کی اور اس کے بعد مقابلے کے امتحان میں کامیاب ہوکر اے ڈی سی ریونیو تعینات ہوئے یہ ہمارے لیے لمحہ فکر یہ ہے کہ فتنۃ الہندوستان نہ بچوں کو چھوڑتا ہے نہ بیوروکریسی، نہ عام شہری اور خواتین اس سے محفوظ ہیں، آئے روز سیکورٹی فورسز پر حملہ کرتے رہتے ہیں کب تک یہ برداشت کرتے رہیں گے، وقت آگیا ہے کہ ایسے عناصر کی بیخ کنی کیلئے تمام ممبران اسمبلی بلوچستان کے عوام پاکستانی قوم ایک صف پر کھڑے ہوکر ان کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کریں، وہ دن دور نہیں جب ہندوستان کی یہ پراکسی اپنے منطقی انجام کو پہنچیں گے۔ نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ نے سوراب میں پیش آنے والے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ آج پورا صوبہ ماتم کر رہا ہے کہ ایک لائق افسر کو بے دردی سے شہید کیا گیا، کوئی معاشرہ اور مذہب اس کی اجازت نہیں دیتا، انہوں نے کہا کہ حکومتی ارکان بتائیں جب کسی تقریب میں اپوزیشن کو مدعو کیا جاتا ہے اور ہم وہاں جاتے ہیں تو کوئی کرسی نہیں، عوامی نمائندوں کا احترام کیا جائے، کوئٹہ ایئر پورٹ پر ہماری گاڑی پارکنگ میں روک دی جاتی ہے ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ اگر یہی رویہ رہا تو ہم کسی سرکاری تقریب میں شریک نہیں ہوں گے، اس اسمبلی کی افادیت کو بحال کیا جائے۔ قائد حزب اختلاف یونس عزیز زہری نے سوراب میں پیش آنے والے واقعہ میں ہدایت اللہ بلیدی کی شہادت کے واقعے کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی میں ہمارے سوالوں کے جواب نہیں دیئے جاتے، سیکرٹریز میرے خطوط کے جواب نہیں دیتے، اگر وہ اس سے مبرا ہیں تو ڈپٹی اسپیکر رولنگ دیں ہم سیکرٹریز سے نہیں پوچھیں گے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا کوئی بھی شہری کسی بھی شخص یا افسر سے پوچھ سکتا ہے جس پر ڈپٹی اسپیکر نے رولنگ دیتے ہوئے کہا کہ سیکرٹریز جواب دینے کے پابند ہیں، سیکرٹریز نے اگر تعاون نہیں کیا تو اسمبلی کے فلور پر اس کی نشاندہی کی جائے تو یہی حق گوادر کے لوگوں کا بھی ہے، بلوچستان کے ہر حلقہ اور فرد کا حق ہے کسی کی ذات سے پیسے نہیں مانگ رہے۔ اقتدار کا کوئی بھروسہ نہیں لوگ صبح وزیراعظم اور شام کو جیل میں ہوتے ہیں، اپوزیشن صوبے کے مفاد میں حکومت کا ساتھ دے گی لیکن ہماری تذلیل نہ کی جائے ہمارے خلاف جملے نہ کسے جائیں، جمہوری روایات کا احترام کیا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری فشریز اور ہدایت الرحمٰن بلوچ بیٹھ کر اس معاملہ کو دیکھیں۔ پارلیمانی سیکرٹری فشریز نے کہا کہ پسنی میں غیر قانونی ٹرالرز کے خلاف تین دن سے آپریشن جاری ہے اس دوران دو ٹرالرز کو پکڑا گیا ہے ان کے خلاف مقدمات درج کئے گئے ہیں اب بھی ایک اور ٹرالر پکڑا گیا ہے، ہمارا ایک گن بوٹ سمندر میں ڈوب گیا ہے جس میں موجود بندوں کو نکالا گیا جس کا میں نے ذکر کیا تھا یہ نہیں کہا کہ میری ذاتی ٹرالر ہے، انہوں نے کہا کہ غیر قانونی ٹرالرز کا خاتمہ کیا جائے گا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن کو اس کا علم تک نہیں وہ یہاں ایوان میں آکر کہتے ہیں کہ ٹرالرز کے خلاف کارروائی کی جائے جب ہم کارروائی کرتے ہیں تب بھی وہ ناراض ہوجاتے ہیں اب ہم کریں تو کیا کریں۔ اجلاس مین صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے بلوچستان ہیلتھ انسٹی ٹیوشن اصلاحات کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 20 مصدرہ 2025، بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکیولر ڈیزیز کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 21 مصدرہ 2025 بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 22 مصدرہ 2025، بلوچستان مٹرنل اینڈ پیری نیٹل ڈیتھ سرویلنس اینڈ رسپانس کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 مسودہ قانون نمبر 23 مصدرہ 2025 ایوان میں پیش کیا جنہیں متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کیا گیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی نے آئین کے آرٹیکل 171 کے تحت اسپیشل آڈٹ رپورٹ برا کاؤنٹس بولان میڈیکل کمپلیکس اسپتال کوئٹہ گورنمنٹ آف بلوچستان مالی سال 2017۔ 18 تا 2021۔ 22 آڈٹ سال 2022۔ 23 ایوان میں پیش کیا۔ بعدازاں اسمبلی کا اجلاس منگل 3 جون تک ملتوی کردیا گیا۔

## بلوچستان میں محرومی کیخلاف جمہوری احتجاج کو جرم بنادیا گیا، ہدایت الرحمان

### حکمرانوں کو حقوق دینے ہوں گے، لاپتہ افراد بازیاب، عوام کو روزگار و کاروبار کے مواقع دیئے جائیں

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ حکمرانوں کو اہل بلوچستان کو حقوق دینے ہوں گے، حکومت بلوچستان کے تمام اضلاع کو یکساں فنڈز دیں اور فنڈز خرچ کرنے کی نگرانی بھی کریں، جماعت اسلامی حق دو بلوچستان مہم کے تحت حکمرانوں مقتدر قوتوں سے جمہوری معاشی حقوق چھین لیں گے، بلوچستان کو وفاق یا مقتدر قوتوں سے صدقہ وخیرات اور بجلی گیس بل کی بچت نہیں اپنا آئینی حقوق چاہیے، لاپتہ افراد کو بازیاب، بارڈر بندش کا خاتمہ اور عوام کو روزگار و کاروبار کے مواقع دیئے جائیں۔ اسمبلی کے اندر و باہر قومی اجتماعی مسائل کے حل اور ہر علاقے ہر مظلوم کیلئے آواز بلند کرتا رہونگا۔ ہر سطح کے ذمہ داران لوگوں کو جماعت اسلامی میں شامل کرنے کیلئے عملی کام کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا، انہوں نے کہا کہ حق دو بلوچستان مہم کی کامیابی، اسلام آباد کی طرف مارچ اور کوئٹہ میں ایک لاکھ افراد کے دھرنے کیلئے کام کر رہے ہیں، حقوق کے حصول کیلئے مخلصانہ اجتماعی جدوجہد کی ضرورت ہے۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے مظلوم عوام نوجوانوں خواتین سمیت ہر مظلوم کو حقوق دلائیں گے، عوام کی امیدیں جماعت اسلامی سے ہیں، جماعت اسلامی کے قائدین کا دامن ہر قسم کی کرپشن سے پاک ہے، عوام سمیت ہر طبقہ فکر علمائے کرام نوجوان، خواتین، مزدور، طلباء سب کو حق دو بلوچستان مہم میں شامل کریں گے تاکہ سب ملکر اتفاق واتحاد سے مقتدر قوتوں اور حکمرانوں سے حقوق حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائیں، ہم نے ظلم ناانصافی بدعنوانی کے خلاف جدوجہد منظم و تیز نہیں کی تو حالات مزید خراب ہوں گے۔ گوادر کے نام پر سی پیک بنایا گیا ہے، دیگر علاقوں میں سی پیک کے نام پر بڑے بڑے میگا پراجیکٹس مکمل ہوگئے۔ مگر بلوچستان ان ثمرات یا تو محروم یا پھر چیک پوسٹ تھانے چوکیاں بنائی گئی ہیں۔ محرومی کے خلاف جمہوری احتجاج کو جرم بنادیا گیا ہے۔

Century Express Quetta

## بلوچستان اسمبلی میں شہید اے ڈی سی کیلئے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں شہید اے ڈی سی سوراب ہدایت اللہ کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ ہفتہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے سوراب میں دہشت گردی کا نشانہ بننے والے اے ڈی سی سوراب کے لئے فاتحہ خوانی کی استدعا کی جس پر ایوان میں فاتحہ خوانی کی گئی۔

# کوئٹہ کے نواحی علاقے میں دھماکہ 2 بھائی جاں بحق 7 زخمی مستونگ میں مسلح افراد کا لیویز تھانے پر حملہ گاڑیاں نذر آتش

**نامعلوم افراد کی جانب سے ہنہ کلی منگلہ کے کچے راستے پر ریموٹ کنٹرول دھماکے کے باعث سردار عبدالسلام و سردار عبدالنافع موقع پر چل بسے، شدید زخمی افراد ہسپتال منتقل**

**مسلح دہشت گردوں نے مستونگ ولی خان لیویز تھانے پر حملہ کیا، سیکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے پورے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، مسلح افراد رات کی تاریکی میں فرار ہو گئے**

**مشکے میں صغیر، ڈیرہ بگٹی میں لیویز اہلکار ریحان اور نال میں فائرنگ سے کبیر جاں بحق، پنجگور چتکان بازار میں فائرنگ یاسر چل بسا، چمن میں عالم دین حافظ گل شدید زخمی، مقدمات درج**

کوئٹہ، اندرون بلوچستان ر(سٹی رپورٹر + یو این اے، نمائندے) ہنہ کلی منگلہ میں سڑک کنارے، بم دھماکہ گاڑی زد میں آنے کے باعث 2 بھائی جاں بحق جبکہ سات افراد زخمی ہو گئے گاڑی میں سوار افراد اپنی کوئلہ کان جا رہے تھے پولیس اور سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن شروع کر دیا پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ کلی منگلہ کے قریب کچے راستے پر ریموٹ کنٹرول بم نصب کیا تھا کلی منگلہ کے رہائشی 2 بھائی سردار عبدالسلام خان اور سردار عبدالنافع خان ولد عبداللہ خان ہفتے کی شام کو اپنے 7 دوستوں سیف الرحمان ولد نصیب اللہ جانان ولد پائند خان سمیع اللہ ولد عبدالمنان محمد آصف ولد فدا محمد نصیب اللہ ولد سلطان شاہ جمیل احمد ولد عبدالمنان اور ذبیع اللہ کے ہمراہ پک اپ گاڑی میں اپنی کوئلہ کان واقعہ منگلہ جا رہے تھے ان کی گاڑی جیسے ہی کچے راستے پر پہنچی تو بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے دونوں بھائی سردار عبدالسلام خان اور سردار عبدالنافع خان موقع پر ہی جاں بحق جبکہ 7 دوست زخمی ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

گھیرے میں لے کر لاشوں اور زخمیوں کو سول ہسپتال پہنچا دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی جبکہ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا دوسری جانب۔ مستونگ کے علاقے ولی خان میں نامعلوم مسلح افراد نے لیویز تھانے پر حملہ کر دیا۔ لیویز حکام کے مطابق حملہ آور تھانے میں کھڑی گاڑیوں اور اہم ریکارڈ کو آگ لگا کر فرار ہو گئے۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے فوری کارروائی کرتے ہوئے پورے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ حکام کے مطابق واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تاہم تھانے کو مالی نقصان پہنچا ہے۔ مزید تحقیقات جاری ہیں۔ دریں اثناء چمن میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے عالم دین کو زخمی کر دیا لیویز کے مطابق گزشتہ روز چمن کے علاقے محمود آباد میں جمیعت علماء اسلام کے ضلعی نائب امیر مولانا حافظ گل پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے اسے زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جنہیں ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا دریں اثناء ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے لیویز اہلکار کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ڈیرہ بگٹی سوئی کے علاقے تحصیل بازار میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ریحان نامی شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی مقتول لیویز اہلکار بتایا جاتا ہے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے دریں اثناء نال کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل اور ایک کو زخمی کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نال کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے کبیر کو قتل اور اس کے ساتھی کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے دریں اثناء پنجگور سے یو این اے کے مطابق پنجگور کے علاقے چتکان بازار میں فائرنگ کے دو مختلف واقعات پیش آئے، جن میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا

## قائدآباد پولیس نے جعلی کرنسی استعمال کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قائدآباد پولیس نے جعلی کرنسی استعمال کرتے ہوئے سادہ لوح عوام کو لوٹنے والے شخص کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق ایس پی قائدآباد ڈویژن خرم مہیسر کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی گوالمنڈی سرکل انور علی کی نگرانی میں ایس ایچ او سید.........

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

غلام مصطفیٰ شاہ نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے آصف سکنہ موسیٰ آباد کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 38 ہزار روپے کے جعلی نوٹ برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی ملزم جعلی نوٹ استعمال کرتے ہوئے سادہ لوح عوام کو لوٹتا ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

## استا محمد، پولیس نے مسروقہ مال برآمد کر کے ملزم گرفتار کر لیا

**کارروائی میں مسروقہ چار موٹر سائیکلیں، نقدی اور دیگر اشیاء برآمد ہوئیں**

استا محمد (نامہ نگار) اوستہ سٹی پولیس کی ڈرون ٹیکنالوجی کی مدد سے کارروائی، چار موٹر سائیکلز، نقدی اور دیگر مسروقہ اشیاء برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق ڈی ایس پی سرکل امجد علی جمالی ایس ایچ او سٹی غازی عبدالروف جمالی 15 پولیس انچارج کرم حسین ہیر شاہنواز کھوسہ شہزاد جمالی آصف علی سیال اور دیگر نے گزشتہ شب نامعلوم ملزمان نے ذاکر حسین لاشاری کے گھر واقع گوٹھ محمد پناہ لاشاری ایری لاڑی سے تین موٹر سائیکلیں، یو پی ایس معہ بیٹری و ٹارچ اور دیگر گھریلو اشیاء چوری کر کے لے گئے تھے۔ جس پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد نے ریڈ کر کے ملزم صوبہ ولد گل بیگ قوم جھیانی بلیدی کو گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے چوری شدہ تین موٹر سائیکلیں اور یو پی ایس بمعہ بیٹری و ٹارچ برآمد کیے گئے ہیں جبکہ دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ دوسری کارروائی میں احتشام جمالی سے چھینا گیا موٹر سائیکل برآمد کیا گیا ہے جبکہ جلد ملزمان کو بھی گرفتار کیا جائے گا۔ تیسری کارروائی میں گھریلو چوری کرنے والا گروہ کے اہم کارندے سکندر ولد مہر فقیر رند، ظفر عرف ڈینگی ولد ملوک سومرو کو گرفتار کیا گیا ہے جن سے اہم برامدگیوں کی توقع ہے۔

JANG QUETTA

## نوا کلی میں فائرنگ، ایک شخص زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نواں کلی کے علاقے مندو خیل دو نمبر گلی کے رہائشی عبدالمتین ولد عبدالعزیز کو ہفتے کی شب ملزم نے فائرنگ کر کے زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ [illegible] پیش آیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمی کو سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کیا۔

## چمن: مسلح افراد نے مسجد میں گھس کر موذن کو گولی ماردی

کوئٹہ (این این آئی) چمن میں نامعلوم مسلح افراد نے مسجد میں گھس کر ظہر کی اذان دینے والے جمعیت علماء اسلام کے رہنما حافظ گل کو شدید زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ لیویز نے زخمی کو فوری طور پر ہسپتال پہنچا دیا اور مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

## پنجگور: ایک شخص جاں بحق دوسرا زخمی

پنجگور (نامہ نگار) چتکان بازار میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے یاسر نامی شخص شدید زخمی ہو گیا جسے تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ وہ راستے میں دم توڑ گیا دریں اثناء اور ایک اور فائرنگ کے واقعے میں خالق داد نامی شخص زخمی ہو گیا۔

INTEKHAB QUETTA

## حب میں مارے جانیوالے ڈاکو سندھ کے رہائشی نکلے، شناخت ہو گئی

**شہری کی فائرنگ سے 3 ڈاکو مارے گئے تھے، 2 نعشیں ورثاء کے حوالے، مزید تفتیش جاری**

حب (نمائندہ انتخاب) حب لوٹ مار واردات فائرنگ تین ڈاکو ہلاک تینوں ملزمان کی شناخت ہو گئی تعلق سندھ کے علاقہ لاڑکانہ اور جیکب آباد سے ہے دو کی نعشیں ورثاء لے گئے ایک کے ورثاء نے اب تک رابطہ نہیں کیا ایک ملزم حب پولیس لوٹ مار کی واردات میں مطلوب تھا جبکہ دوسرا کراچی پولیس میں متعدد بار گرفتار ہو چکا تھا اور نام بدل کر وارداتیں کرتا تھا ڈکیت گروہ کا پتہ یا دار حب کا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

ایک نام نہاد سفید پوش نکلا پولیس تفتیش میں انکشاف پولیس نے متاثرہ کنٹریکٹر غلام حسین مگسی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی پولیس نے ہلاک ملزمان کی واردات میں استعمال کی جانیوالی دو موٹر سائیکلیں 3 عدد پسٹل دو عدد موبائل فون تحویل میں لے لیے موٹر سائیکلوں کی رجسٹریشن بھی نہیں ہوئی ہلاک ملزمان کے فرار ہونے والے تین ساتھیوں کی تلاش شروع کر دی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 01 JUN 2025

Page No. 15

# حب قلت آب کا مسئلہ سنگین' پانی فراہمی کا واحد ذریعہ کینال بھی بند

صوبائی ڈائریکٹر محتسب کے سخت احکامات پر گڈانی جیل کو پانی کی فراہمی کیلئے اٹک موڑ سے پائپ لائن کے ذریعے پی ایچ ڈی کے تالاب بھرے جانے لگے

واٹر سپلائی کے تالاب خشک ہوگئے، شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، ٹینکرز مافیا سے مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور، صنعت کاروں نے احتجاج کی دھمکی دیدی

حب (نمائندہ انتخاب) حب شہر میں قلت آب کا مسئلہ سنگین ہوگیا شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے صنعتکاروں کے احتجاج کی دھمکی پر کینال پر بند باندھ کر لیڈا کے تالاب بھرے جانے لگے جبکہ صوبائی ڈائریکٹر محتسب کے سخت احکامات پر گڈانی جیل کو پانی کی فراہمی کیلئے اٹک موڑ سے پائپ لائن کے ذریعے PHE کے تالاب بھرے جارہے ہیں لیکن حب کے عوام کو قدرتی بہاؤ کے ذریعے پانی بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

کی فراہمی کا واحد ذریعہ کینال کو بند کردیا گیا ہے جسکے سبب کینال آوارہ کتوں کی آرام گاہ بنی ہوئی ہے جبکہ واٹر سپلائی کے تالاب خشک پڑے ہوئے ہیں شہری مہنگے داموں واٹر ٹینکر مافیا سے پانی خریدنے پر مجبور ہوگئے سیاسی اکابرین اور انتظامیہ کو حب کے عوام کی تکالیف کی کوئی پرواہ نہیں اس حوالے سے حب کے شہریوں نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا ہے کہ گزشتہ ایک ماہ سے حب کے شہریون کو پانی کی فراہمی معطل ہے جبکہ حب انڈسٹریز کو پانی کی بندش کا اعلیٰ حکومتی سطح پر نوٹس لیا گیا جس پر انڈسٹریز کو پانی کی فراہمی ممکن بنانے کیلئے کینال پر بند باندھ کر لیڈا کے تالاب بھرے جارہے ہیں تو دوسری برف گڈانی جیل میں قلت آب پر صوبائی ڈائریکٹر محتسب کے دورے کے موقع پر انکی سخت ہدایات پر اٹک گیٹ موڑ سے PHE کے تالابوں تک موجود زیر زمین پائپ لائن سے پانی دیا جارہا ہے جبکہ حب کے شہریوں کو فراہمی آب کا واحد ذریعہ کینال کو خشک کردیا گیا ہے جو کہ حالیہ دنوں آوارہ کتوں کی آرام گاہ بنی ہوئی ہے اور حب شہر کو پانی کی فراہمی معطل ہے جس سے حب شہر میں بوائز ہائی اسکول کے قریب واقع PHE کی واٹر سپلائی کے تالاب بھی خشک پڑے ہوئے ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ قلت آب کے سبب انہیں مزید پریشانی کا سامنا ہے نہ گھروں میں پانی ہے اور نہ ہی مساجد میں وضو کیلئے پانی دستیاب ہے جسکی وجہ سے شہری مہنگے داموں واٹر ٹینکر سے پانی خریدنے پر مجبور ہیں حب کے شہری حلقوں نے لسبیلہ کینال سے حب کی شہری آبادی کو پانی فراہمی معطل ہونے پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکا کہنا ہے کہ ان دنوں گرمی بھی زوروں پر ہے اور پانی کی قلت بھی سنگین صورتحال اختیار کرگیا ہے انھوں نے اریگیشن حکام اور ضلعی حب انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ لسبیلہ کینال میں وارہ بندی کی جائے ہفتے میں تین دن انڈسٹریز ایریا اور چار دن شہری آبادی کیلئے کینال میں پانی چھوڑہ جائے تاکہ پانی کے قلت کا مسئلہ حل ہوسکے صرف لیڈا کے تالابوں اور انڈسٹریز کو پانی فراہم کرنا حب کے شہریوں کے ساتھ ناانصافی اور زیادتی کے مترادف ہے حب ڈیم سے پانی صرف انڈسٹریز کیلئے نہیں آرہا بلکہ اس میں شہریوں کا بھی کوٹہ شامل ہے لیکن حب کے شہریوں کے پانی کے حصے پر ڈاکہ ڈالا مارا جارہا ہے اور لسبیلہ کینال، پر بند باندھ کر لیڈا کے تالابوں کو بھرا جارہا ہے اور حب کے شہری پیاسے سڑکوں پر بھٹک رہے ہیں اور پانی کے حصول سرگرداں دکھائی دیتے ہیں اور ٹینکر مافیا سے مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں شہری حلقوں کا مزید کہنا ہے کہ عیدالضحیٰ کے دن بھی قریب آرہے ہیں جبکہ متعلقہ محکموں شہریوں کو پانی فراہم کرنے میں ناکام ہیں اگر شہریوں کو پانی فراہمی کا سلسلہ شروع نہ ہوگیا تو سڑکوں پر نکل کر متعلقہ اداروں اور ضلعی انتظامیہ کیخلاف احتجاج پر مجبور ہونگے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ سرکاری محکموں کے ذمہ داران پر عائد ہوگی۔

# حب مویشی منڈی میں سہولیات کا فقدان' بیوپاری' خریدار پریشان

مویشیوں کی انٹری فیس اور محکمہ زراعت کی ٹیکس کے نام پر زبردستی بھتہ وصولی، بیوپاری حب میں جانور لانے کے بجائے کراچی مویشی منڈی کو ترجیح دینے لگے

کراچی سے آنے والے خریداروں سے مارکیٹ فیس کے نام پر فی جانور دو ہزار روپے کی وصولی جاری، خریداروں نے شدید تحفظات کا اظہار کردیا

حب (نمائندہ انتخاب) حب عید قرباں مویشی منڈی میں سہولیات کا فقدان، مویشیوں کی انٹری فیس اور محکمہ زراعت کی ٹیکس کے نام پر زبردستی بھتہ وصولی بیوپاریوں اور خریداروں کو مشکلات کا سامنا، مارکیٹ فیس کے نام پر لوٹ مار کا بازار گرم کردیا گیا، بیوپاریوں نے حب میں قائم مویشی منڈی میں جانور لانے کے بجائے کراچی مویشی منڈی کو ترجیح دینے لگے اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ حب باپ بلوچستان کی مویشی منڈی میں کراچی سے آنے بقیہ نمبر 22 صفحہ 5 پر

والے خریداروں سے مارکیٹ فیس کے نام پر فی جانور دو ہزار روپے وصول کیے جارہے ہیں، جس پر خریداروں نے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے خریداروں کا کہنا ہے کہ وہ کراچی میں مہنگائی سے بچنے کے لیے حب کا رخ کرتے ہیں تاکہ مناسب داموں پر قربانی کے جانور خرید سکیں، مگر یہاں پر ایک نیا اور عجیب وغریب ٹیکس ان کا منتظر ہوتا ہے۔ ایک خریدار نے شکایت کرتے ہوئے کہا، "ہم سوچتے ہیں کہ حب آکر کچھ پیسے بچالیں گے، لیکن یہاں تو فی جانور دو ہزار روپے کی فیس مانگی جارہی ہے۔ یہ تو سراسر زیادتی ہے۔" شہریوں نے ڈپٹی کمشنر حب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر یہ غیر ضروری ٹیکس فوری طور پر ختم نہ کیا گیا تو خریدار حب آنے سے گریز کریں گے، جس سے منڈی ویران ہوجائے گی اور مقامی بیوپاریوں کو نقصان پہنچے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 01 JUN 2025

Page No. 16

# سوراب، فتنہ الہندوستان کا حملہ

پہلگام واقعہ کے بعد بھارت کے بزدلانہ حملوں کے جواب میں معرکہ حق "آپریشن بنیان مرصوص" میں عبرت ناک شکست کے بعد بھی اس کے انتقام کی آگ سلگ رہی ہے اور اس کے ایما پر بلوچستان میں بھارتی پراکسیز نے دہشت گردانہ سرگرمیاں تیز کر دی ہیں۔ جمعہ کے روز فتنہ الہندوستان کے 20 سے 30 دہشت گرد موٹر سائیکلوں پر بلوچستان کے شہر سوراب کے بازار میں داخل ہوئے، ہنگامہ آرائی کی، بلوچ خواتین اور بچوں پر تشدد کیا جن کو بچانے کیلئے دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ہدایت بلیدی جام شہادت نوش کر گئے۔ دہشت گردوں نے بینک لوٹا۔ سرکاری افسروں کے گھروں اور تھانے کو نذر آتش کیا۔ سوراب شہر قلات ڈویژن کا حصہ ہے اور اس کی آبادی مختلف بلوچ قبائل پر مشتمل ہے۔ یہاں اپنی نوعیت کی یہ بڑی مسلح کارروائی ہے۔ اس سے قبل مسلح افراد نے اس ڈویژن کے ضلع خضدار کے دو شہروں زہری اور ناچ میں اس نوعیت کی کارروائیاں کی تھیں۔ فتنہ الہندوستان نے بلوچ خواتین اور بچوں کو ٹارگٹ کر کے ایک دفعہ پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ ان کا بلوچستان اور بلوچ روایات سے کوئی تعلق نہیں۔ بھارت ان دہشت گردوں کو تربیت، اسلحہ اور مالی معاونت کر کے اپنے مذموم مقاصد کیلئے استعمال کرتا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے سوراب میں دہشت گردی کی شدید مذمت کرتے ہوئے ملزموں کو قرار واقعی سزا دینے کی ہدایات جاری کیں ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بزدل دہشت گردوں کا معصوم اور نہتے شہریوں (بشمول خواتین اور بچے) کو نشانہ بنانا، بینک اور املاک پر حملہ ان کی عوام دشمن اور بلوچستان کی ترقی کے خلاف سوچ کی واضح عکاس ہے۔ انہوں نے شہید ہدایت بلیدی کو خراج عقیدت اور ان کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی کیا۔ بھارت نے پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث تنظیموں کا "کنسورشیم" بنا رکھا ہے جس میں کالعدم ٹی ٹی پی، بی ایل اے، بی ایل ایف، بلوچستان ریپبلکن آرمی، جماعت الاحرار اور حزب الاحرار شامل ہیں۔ حالیہ واقعہ کی ذمہ داری بھی کالعدم بلوچ لبریشن آرمی نے قبول کی ہے۔

CS CamScanner